# 21532 ـ كيا عورت اپنے خاوند كواس كے نام سے پكار سكتى ہے

**سوال**

كيا ممكن ہے كہ آپ مجھے يہ بتائيں كہ بيوى كا اپنے خاوند كو اس كےنام سے پكارنا جائز ہے ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد لله.

عورت كے ليے اپنے خاوند كے اس كے نام سے پكارنے ميں كوئي حرج نہيں ، كيونكہ اس كى ممانعت پر كوئي دليل نہيں پائي جاتى ، ليكن اس مسئلہ ميں لوگوں كى عادات اورعرف معتبر ہے ـ

كسى ملك ميں لوگوں كے اندر يہ معروف ہے كہ بيوى خاوند كومثلا كنيت سے پكارتى ہے ، اوران كے خيال ميں خاوند كانام لے كر پكارنا بے ادبى ہے ، يا پھر خاوند يہ پسند نہيں كرتا كہ اسے اس كانام لے كر پكارا جائے ، توعورت كواس كا خيال ركھنا چاہيے ـ

اس ليے كہ ايسا كرنے ميں خاوند سے حسن معاشرت ہے اوراللہ تعالى نے بھى حسن معاشرت كا حكم ديا ہے ، تويہ حسن معاشرت نہيں كہ اسے اس نام سے مخاطب كيا جائے جسے وہ ناپسند كرتا ہو ، يا پھر جسے لوگ نقص شمار كرتے ہوں ـ

خاوند اوربيوى كےليے ضرورى ہے كہ وہ ايك دوسرے كواس نام سے پكاريں جواس كے نزديك سب سے محبوب اورپيارا ہو ، اس ليے كہ اس ميں ان دونوں كے مابين محبت و الفت و مودت پيدا ہوگي اوراس ميں زيادتى بھى ہوگى۔

مناوى رحمہ اللہ تعالى نے فيض القديرميں صحبت كے آداب بيان كرتےہوئے كہا ہے كہ :

صحبت كے آداب ميں راز افشاں نہ كرنا بلكہ اسے چھپانا ، عيب كى پردہ پوشى كرنا ، لوگوں كى وہ مذمت والى باتيں اسے پہنچانے سے گريز كرنا جواسے اچھى نہيں لگتيں ، بلكہ اسے لوگوں كى اس كے بارہ ميں اچھى باتيں پہنچائي جائيں جوكہ اس كى تعريف كے بارہ ميں ہوں ـ

بات چيت ميں اچھا رويہ اختيار كرنا اوراس كى بات كوسننا ، حقوق ميں اس كا شكريہ ادا كرنا ، اس كى غير موجودگى ميں اس كے خلاف باتوں كى نفى كرنا اوراس كا دفاع كرنا ، اورضرورت كے وقت بغير طلب كيے اس كا ساتھ دينا ،

اسے نرمی اورتعریض کے ساتھ وعظ ونصیحت کرنا ، ۔ اگر اسے اس کی ضرورت ہوتو – اس کی غلطی اورکوتاہی سے صرف نظر کرنا ، اس پر عیب جوئي نہ کرنا ، اس کی زندگي اورموت کے بعد بھی خلوت میں اس کے لیے دعا کرنا ۔

اس کی خوشی کے وقت فرحت کا اظہار کرنا ، اوراگراسے کوئي نقصان ہوتو اس میں غم کا اظہار کرنا ، جب وہ آئے توسلام کرنے میں ابتدا کرنا ، مجلس میں اس کے لیے جگہ بنانا ، اس کے لیے اپنی جگہ سے نکلنا ، اوراس کے کھڑے ہونے کی صورت میں اس کے پیچھے جانا ، جب وہ کلام کررہا ہوتو خاموشی اختیار کرنا ، اجمالی طور پر یہ ہے کہ اس کے ساتھ اس طرح معاملہ کرنا جس طرح وہ پسند کرتا ہو ۔ ا ھ ، اختصار کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے ۔

واللہ اعلم .